HEMAYAH
EFU FAMILY TAKAFUL





# HEMAYAH TAKAFUL HUMSAFAR PLAN

*Hemayah – Aap ki Khushiyon ka Saibaan!*



# Hemayah Takaful Humsafar Plan
## Your Companion in Life

EFU Life introduces its range of Family Takaful products under "Hemayah" – a dedicated Shariah Compliant Window Takaful brand.It is an investment-linked takaful product. Hemayah is derived from its roots in Arabic and signifies the "protection" that is offered by EFU Life's Family Takaful products to support you and your family's future, at every step of your life.

## Disclosure of Product:

**This is a Family takaful product which has two distinct elements i.e., Protection and Investment. The Investment Component is linked to the performance of underlying assets under unit linked fund(s).**

## Free Look Period:

**If you decide to cancel your membership within fourteen days of receiving the membership document, you are entitled for a full refund of Contribution as a benefit less any expenses incurred by EFU Life - WTO in connection with our medical or clinical examinations.**

## Introduction:

Planning for the well-being of those who depend on us is one of the biggest responsibilities in our lives. But it all becomes manageable if we have a reliable plan in place. And once we know that we and our family is well protected against major life uncertainties, the overall quality of our lives can improve significantly.

EFU Hemayah Takaful Humsafar Plan is a Shariah-compliant joint life unit-linked whole-of-life plan providing coverage to both Participants together, allowing savings to be accumulated for the family in the event of either spouse's untimely demise.

## Salient Features:

- Get both you and your spouse covered at the same time.
- Benefit from competitive investment allocations.
- Get extra unit allocations from 6th year onwards.
- Access your savings when you need them.
- Accelerate the build-up of your funds through Fund Acceleration Contribution.
- Participate in higher returns by investing in EFU Takaful Funds.
- Add supplementary benefits to tailor the Plan to your needs.

## What is Takaful?


Takaful is a Shariah-compliant way of safeguarding yourself and your family against future financial losses. Individuals in the community unite for a common purpose and contribute to a Waqf fund operated by a Takaful operator to protect themselves against future financial losses. A Family Takaful Plan assists participants in sharing their risk on the basis of cooperation, brotherhood, mutuality, and solidarity for the common good.



# How does Takaful Membership operate?

Hemayah Takaful Humsafar Plan can be easily customized to suit your specific needs. You can decide on the level of takaful protection and investment which is in line with your long-term financial planning goals.

The following pictorial representation summarizes how your Takaful membership will operate with EFU Life:




# Opportunity For Growth – Shariah Compliant Investments:

Your contributions to the Participant's Investment Account (PIA) will be invested in Shariah Compliant Unit Linked funds selected at the inception of the policy. The funds available are:

All available funds are categorized with their risk profiling as per the investment criteria.

| Funds | | |
|---|---|---|
| **EFU Takaful Growth Fund** | **EFU Takaful Conservative Fund*** | **EFU Takaful Aggressive Fund** |
| **Fund Categorization: Balanced** | **Fund Categorization: Income Fund** | **Fund Categorization: Aggressive** |
| **Risk Profile: Medium** | **Risk Profile: Low** | **Risk Profile: High** |
| A unit-linked Participants' Investment Fund (PIF) comprising Shariah-Compliant investments. The objective of the fund is to maximize capital growth by investing in a portfolio spread across a wide range of investments such as Islamic mutual funds, approved equities, term deposits in Islamic Banks, and Sukuk Bonds. | EFU Takaful Conservative Fund has a conservative investment allocation strategy and low risk. This is a unit-linked Participants' Investment Fund (PIF) comprising Shariah-compliant government securities, non-equity Shariah coplant mutual funds, Shariah-compliant short-term deposits, and cash in Islamic banks or Islamic windows of conventional banks. The fund aims to provide stable investment returns with minimal risk and is suitable in times of the volatile stock market. | A unit-linked Participants' Investment Fund (PIF) comprising Shariah-Compliant investments, aimed at maximizing capital growth by using investments with an aggressive market outlook. |

## Multiple Fund Option:

Under this option you have a facility to select a mix of two unit linked funds of the plan. Fund mix can be selected in multiples of 10%.

*EFU Takaful Conservative Fund to be selected by default

# Surplus Sharing - A Unique Feature Of Takaful:

Takaful offers the unique feature of surplus sharing to Participants in addition to risk mitigation benefits. By contributing Tabarru (donation) to the Participants' Takaful Fund (PTF), the Participant may be entitled to a share of possible surplus funds. At the end of each year, EFU Life will determine the surplus in the PTF based on the method approved by the Shariah Advisor and Appointed Actuary.

A part of the surplus may be distributed back to you in the form of Bonus Units through an additional unit allocation in your PIA. These Bonus Units will enhance the Cash Value of your takaful plan.

## Access to your savings – Complete and Partial Surrender:

Nobody can predict the future. If your circumstances change and you require funds during the Membership Term, you can encash your Plan for the total cash value in the PIA at any time after the second year's regular contribution payment. WTO will charge another Wakalat-ul-Istismar fee which would be equivalent to 50% of cash value at the time of surrender before payment of two full-year contribution.

Alternatively, you may just want a small portion of the capital you have built up; the Plan gives you the facility to make a partial withdrawal at any time whilst continuing to make contributions and keeping the plan in force. Please note that this facility is subject to a minimum of Rs. 50,000 remaining as Basic Cash value after such withdrawals.

## Death Benefit:

With Hemayah Takaful Humsafar Plan, both the primary Takaful Participant and the spouse get their lives covered at the same time. The beneficiary can use the sum covered to meet their expenses etc.

1. On 1st Death, the benefit payable will be sum covered.

2. After the 1st Death, the Surviving Participant will have the option of EITHER continuing paying the Regular Contribution OR ceasing paying the Regular Contribution.

i: If the surviving Participant continues paying the Regular Contribution, the benefit payable on death will be the Sum Covered Plus Total Cash Value.

ii: If the surviving Participant ceases paying the Regular Contribution, the policy will continue for a term of next 10 years (subject to the maximum age of 70). The benefit payable on death will the sum of Sum Covered and Total Cash Value.

3: In case both Participants die at the same time, the benefit payable on death will be the sum of Sum Covered and Total Cash Value.

## Additional Benefits:

The plan offers various additional benefits which may be attached to the basic plan to enhance your coverage level. These riders are:

### Additional Term Takaful:

The Plan has a guaranteed level of life cover which depends on the age at commencement of the Plan. However, in many circumstances, such as having many family dependents or young children, you may feel that the Basic Sum Covered would not provide sufficient financial protection in the unfortunate event of your death. The Additional Term Takaful Benefit is payable upon first death of any one of the Takaful Participants.

### Takaful Accidental Death Benefit:

This additional benefit pays out an additional lump-sum amount in the case of the first accidental death of either of the Takaful Participants.

### Takaful Family Income Benefit:

In addition to the lump sum payable on death, your dependents may also require a regular monthly income to maintain a decent lifestyle. This additional benefit will provide a monthly income payable for the remaining term of the Plan in case of the death of either of the Takaful Participants.

## Other Important Features:

### Eligibility:

The minimum and maximum ages at the entry of both lives covered range from 20 to 50 years next birthday respectively.

### Term:

This is a whole-of-life Plan. It provides you with the benefits of protection and investment throughout your life. This open-ended nature of the Plan ensures you can withdraw your funds at any point in time, based on your needs and circumstances.

### Contribution:

The minimum regular contribution for basic plan is PKR 50,000 per anum.

### Contribution Payment Term (on 1st death):

On the 1st death, the following options for contribution payment will be provided to the surviving Life:

1. Contribution for the next 10 years will be waived after which Plan is terminated. (by default).
2. Surviving life can opt to pay contribution to continue to accumulate savings.

## Fund Acceleration Contribution (Lump Sum Adhoc Contribution):

In case the Participant has extra funds available, the Plan provides the flexibility to invest these to provide a boost to your savings. These lump-sum contributions are called Fund Acceleration Contributions (FAC).

## Unit Allocation:

The allocation of the annual basic plan contribution to buy units in the selected fund is as follows:

| Policy Year | Unit Allocation % | Allocation Charges * |
|---|---|---|
| 1 | 40% | 60% |
| 2 | 70% | 30% |
| 3 | 85% | 15% |
| 4 and 5 | 100% | 0% |
| 6 - 10 | 103% | 0% |
| 11 and onwards | 105% | 0% |

100% of FAC payments are allocated to purchase units in the selected fund.

***An allocation Charges will be deducted from the Paid Contribution every year as per the above table and the remainder will be allocated to the PIA.**

## Sum Covered:

Sum covered is equal to the Protection Multiple x Annual Basic Plan Contribution. Protection Multiple is defined as:

| Age Of Entry | Protection Multiple | |
|---|---|---|
| | Minimum | Maximum |
| 18 - 35 | 5 | 45 |
| 36 - 40 | 5 | 30 |
| 41 - 45 | 5 | 15 |
| 46- 50 | 5 | 10 |

## Inflation Protection:

This option gives you the security and peace of mind of knowing that the benefits provided by your plan will be updated to hedge against inflation every year regardless of your health.

Once you select this option, the contribution will increase every year by 5% of the prior year's contribution, thus channeling this increase in contribution to boost your accumulation of capital.

## Charges:

The following charges shall be applied to the Hemayah Takaful Humsafar Plan based on the Wakalat-ul-istismar.

| Charges | Rate / PKR |
|---|---|
| Administration Charge | Rs. 2160 per annum |
| Investment Management Charges | 0.125 % of the net contribution |
| Bid/Offer Spread | 5% of the net contribution |
| Allocation Charges | As per the above Unit Allocation table |
| Takaful Donation (Waqf Donation) | An age - basedTakaful Donation applies for the Takaful cover each year and is dependent on the sum at risk. No Takaful Donation charges applies in years where cash value exceeds sum covered. |
| Additional Wakalat-ul-Istismar fee | An additional Wakalat-ul-Istismar fee equivalent to 50% of the total cash value will be charged in case of surrender before payment of two full-year contributions. |

**Wakala Charge from Waqf Fund: 50% of the Takaful donation**

## Disclaimer:

- This brochure gives a general outline of Hemayah Takaful Humsafar plan.
- This product is underwritten by EFU Life Window Takaful Operations, hence EFU Life - WTO is responsible for all underwriting risk.
- Arrangement of all Takaful Claims, charges and payments relating to the Takaful Policies shall be the sole and exclusive responsibility of EFU Life - WTO.
- The past performance of fund is not necessarily a guide to future performance. Any forecast made is not necessarily indicative of future or likely performance of the funds and EFU Life - WTO will not incur any liability for the same.
- The investment risk of the selected Fund shall be borne by the Participant.
- A description of how the contract works is given in the Participant's Membership Document.
- Please contact our Head Office or Takaful Consultant for a personalized illustration of benefits.

efu LIFE

HEMAYAH
EFU FAMILY TAKAFUL

بسم الله الرحمن الرحيم

# CERTIFICATE OF SHARIAH COMPLIANCE

## FOR EFU LIFE ASSURANCE LTD – WINDOW TAKAFUL OPERATIONS

In the capacity of Shariah Advisor of EFU Life Assurance Ltd – Window Takaful Operations, I certify that I have reviewed the structure of the **Hemayah Takaful Humsafar Plan** which is based on the Wakalah-Waqf Takaful model. I have also examined all relevant processes and documents included in the Participant's Membership Document. In addition, I have reviewed in detail the investments with regard to all Takaful Funds.

Based on Shariah rulings and to the best of my knowledge and belief, the **Hemayah Takaful Humsafar Plan** of EFU Ltd – Window Takaful Operations, investments of all Takaful Funds, relevant documents and processes are compliant with all aspects of Shariah.

In my opinion, it is permissible from the Shariah point of view to obtain Membership in this product and benefit from it.

And Allah Knows Best.

Mufti Muhammad Ibrahim Essa
Shariah Advisor

مُفتی
مُحمد اِبراھیم عیسیٰ
شریعہ ایڈوائزر
حمایہ
ای ایف یو لائف۔ ونڈو تکافل آپریشنز

## EFU LIFE ASSURANCE LTD.

EFU Life House, Plot No. 112, 8th East Street, Phase I, DHA, Karachi, Pakistan
Fax: (021) 3453-7519 Email: csd@efulife.com

HEMAYAH
EFU FAMILY TAKAFUL





# حمایہ تکافل ہم سفر پلان

حمایہ - آپ کی خوشیوں کا سائبان!

# حمایہ تکافل ہم سفر پلان

## زندگی میں آپ کا ہم سفر

EFU لائف "حمایہ" کے زیرِ اہتمام فیملی تکافل پروڈکٹس کی ایک نئی رینج متعارف کررہا ہے۔

حمایہ شرعی تقاضوں کے مطابق ایک ونڈو تکافل برانڈ ہے۔ یہ ایک تکافل انویسٹمنٹ لنکڈ پروڈکٹ ہے۔ حمایہ عربی زبان سے ماخوذ ہے جس کے معنی "تحفظ" کے ہیں۔ یہ EFU لائف کے فیملی تکافل پروڈکٹس کی جانب سے پیش کیا گیا ہے تاکہ آپ اور آپ کے خاندان کا مستقبل ہر لمحہ محفوظ رہے۔



### پروڈکٹ کا اظہار:

**اس فیملی تکافل پروڈکٹ کی دو نمایاں خصوصیات یہ ہیں: تکافل کا تحفظ اور سرمایہ کاری۔ سرمایہ کاری منسلک ہے یونٹ لنکڈ فنڈ (فنڈز) میں موجود اثاثہ جات کی کارکردگی سے**

### غور و فکر کا دورانیہ (فری لک پیریڈ):

**اگر آپ ممبر شپ دستاویز کی وصولی کے چودہ دن کے اندر اپنی رکنیت منسوخ کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں تو ای ایف یو لائف۔ ونڈو تکافل آپریٹیز بطور فائدے کے طبی یا کلینکل معائنہ کے سلسلے میں پیش آنے والے اخراجات منہا کرکے کنٹریبیوشن کے مساوی رقم کی ادائیگی کا انتظام کرے گی**

### تعارف:

اپنے زیرِ کفالت افراد کی خوشحالی کیلئے منصوبہ بندی کرنا ہماری زندگی کی سب سے اوّلین ذمہ داریوں میں سے ایک ہے۔ لیکن ایسا صرف اسی صورت ہوسکتا ہے کہ اگر ہمارے پاس اس کے لئے کوئی بہتر منصوبہ موجود ہو۔ یہ جان کر کہ ہمیں اور ہمارے خاندان کو زندگی میں پیش آنے والے غیر یقینی حالات میں تحفظ حاصل ہوگا، اسی تحفظ کے احساس کے ساتھ ہمارا معیارِ زندگی بہتر ہوسکتا ہے۔

ای ایف یو حمایہ تکافل ہمسفر پلان شرعی تقاضوں کے مطابق مشترکہ زندگی کا یونٹ لنکڈ جوائنٹ لائف پلان ہے جو دونوں پارٹیسپنٹ کو تحفظ فراہم کرتا ہے اور کسی بھی ایک شریکِ حیات کی ناگہانی موت کی صورت میں بچت کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔

### اہم خصوصیات:

- پلان کے دوران آپ اور آپ کا/کی شریکِ حیات دونوں کو تحفظ حاصل ہوگا۔
- بہترین سرمایہ کاری ایلوکیشنز سے فائدہ اٹھائیں۔
- چھٹے سال اور اس کے بعد سے اضافی یونٹ ایلوکیشن کا فائدہ حاصل کریں۔
- جب بھی آپ کو ضرورت ہو اپنی بچت تک رسائی حاصل کریں۔
- فنڈ ایکسلیریشن کنٹری بیوشن کے ذریعے اپنے فنڈز میں مزید اضافہ کریں۔
- ای ایف یو تکافل فنڈز میں سرمایہ کاری کے ذریعے زائد منافع میں حصہ لیں۔
- اضافی فوائد شامل کرکے اپنے پلان کو اپنی ضروریات کے مطابق بنائیں۔




### تکافل کیا ہے؟

تکافل دراصل شرعی تقاضوں کے تحت مستقبل میں ہونے والے مالی نقصانات سے آپ اور آپ کے خاندان کو تحفظ فراہم کرتا ہے۔ کمیونٹی کے افراد مشترکہ مقاصد کے لئے یکجا ہوتے ہیں اور مستقبل میں ہونے والے نقصانات سے خود کو محفوظ رکھنے کے لئے وقف فنڈ میں رقم جمع کراتے ہیں جو کہ تکافل آپریٹر کے زیرِ نگرانی کام کرتا ہے۔ فیملی تکافل پلان باہمی تعاون، بھائی چارے اور یکجہتی کی بنیاد شرکاء کی مشترکہ مقاصد کے لئے معاونت کرتا ہے۔

## تکافل ممبرشپ کا عملی طریقہ :

حمایہ تکافل ہمسفر پلان آپ کی مخصوص ضروریات کے مطابق منتخب کیا جاسکتا ہے۔آپ تکافل پروٹیکشن کا فیصلہ مطلوبہ ضرورت اور سرمایہ کاری کی بنیاد پر کر سکتے ہیں، جو آپ کی طویل المدت مالی اہداف کے حصول پر پورا اترتی ہو۔

درج ذیل تصویری خاکے میں اس بات کی وضاحت کی گئی ہے کہ تکافل ممبرشپ کس طرح EFU لائف WTO کے ساتھ آپریٹ ہوتی ہے:




## سرمائے کی نشوونما کے مواقع-شرعی تقاضوں کے مطابق سرمایہ کاری:

پارٹیسپنٹ کے انویسٹمنٹ اکاؤنٹ (پی آئی اے) میں آپ کی سرمایہ کاری شرعی تقاضوں کے مطابق یونٹس سے منسلکہ فنڈز میں کی جاتی ہے، جو آپ ممبرشپ کے آغاز میں منتخب کرتے ہیں۔یہ فنڈز درج ذیل ہیں:

تمام فنڈز کی رسک پروفائیلنگ ان میں کی جانے والی سرمایا کاری کے تحت کی گی ہے ۔

| فنڈ | | |
|---|---|---|
| ای ایف یو تکافل گروتھ فنڈ | ای ایف یو تکافل کنزرویٹو فنڈ* | ای ایف یو تکافل ایگریسو فنڈ |
| فنڈ کی قسم: متوازن | فنڈ کی قسم: انکم فنڈ | فنڈ کی قسم: ایگریسو |
| رسک پروفائل: درمیانی | رسک پروفائل: کم | رسک پروفائل: زیادہ |
| یہ یونٹ سے منسلک ایک شرکاء تکافل سرمایہ فنڈ (پی آئی ایف) ہے جو شریعت کے مطابق سرمایہ کاریوں پر مشتمل ہے۔فنڈ کا مقصد ایک پورٹ فولیو کے پھیلاؤ میں سرمایہ کاریوں کی ایک وسیع رینج میں جیسے کہ اسلامک میوچل فنڈز، منظور شدہ مالی ایکوٹیز، اسلامی بینکوں میں ٹرم ڈپازٹ اور صکوک بانڈز جیسی اسکیموں میں بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کر کے حاصل شدہ سرمائے کو زیادہ سے فروغ دینا ہے۔ | ای ایف یو تکافل کنزرویٹو فنڈ سرمایہ کاری کی تخصیص کی ایک محتاط حکمت عملی رکھتا ہے اور اس میں کم خطرہ شامل ہوتا ہے۔ یہ شریعت کے مطابق حکومتی سیکیورٹیز، شریعت کے مطابق غیر ایکوٹی میوچل فنڈز، شریعت کے مطابق قلیل المدت ڈپازٹس، اسلامی بینکوں میں یا مروجہ بینکوں کی اسلامک ونڈوز میں دی جانے والی حدمات میں نقد پر مشتمل یونٹ سے منسلک شرک تکافل سرمایہ کاری فنڈ (پی آئی ایف) ہے۔ | یہ یونٹ سے منسلک شرکاء تکافل سرمایہ کاری فنڈ (پی آئی ایف) ہے جو شریعت کے مطابق سرمایہ کاری پر مشتمل ہے۔ اس کا مقصد مارکیٹ کی متوقع تیزی کو مدنظر رکھتے ہوئے سرمائے کو زیادہ سے زیادہ فروغ دینا ہے۔ |

***ای ایف یو کنزرویٹو فنڈ خودکار طور پر منتخب کیا جائے گا**

## مختلف فنڈ کا انتخاب (ملٹیپل فنڈ آپشن):

اس آپشن کے تحت آپ پلان کے یونٹ سے منسلکہ 2 فنڈز کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ان فنڈز کا 10 فیصد کے ملٹیپلز میں انتخاب کیا جاسکتا ہے۔

## سرپلس شیئرنگ-تکافل کی ایک منفرد خصوصیت:

تکافل خطرات کو کم کرنے کے ساتھ ساتھ شرکاء کو سرپلس شیئرنگ کی منفرد خصوصیت بھی پیش کرتا ہے۔ پارٹیسپنٹ تکافل فنڈ (پی ٹی ایف) میں بطور تبرع رقم جمع کروا کر ممکنہ سرپلس کے حصے کا حقدار ہوسکتا ہے۔ہر سال کے اختتام پر ای ایف یو لائف WTO پارٹیسپنٹ تکافل فنڈ (پی ٹی ایف) میں موجودہ رقم کا تعین کرے گی، جو کہ شریعہ ایڈوائزر اور مقرر ا یکچوری کی جانب سے منظوری کی بنیاد پر ہوگا۔

سرمائے کا ایک حصہ آپ کے پارٹیسپنٹ انویسٹمنٹ اکاؤنٹ (پی آئی اے) میں اضافی یونٹ ایلوکیشن کے ذریعے بونس یونٹس کی صورت میں آپ کو واپس دیا جاسکتا ہے۔یہ بونس یونٹس آپ کے تکافل پلان کی کیش ویلیو میں اضافہ کریں گے۔

## بچتوں تک آپ کی رسائی مکمل اور جزوی دستبرِداری :

مستقبل کے بارے میں کوئی پیشین گوئی نہیں کرسکتا۔ اگر آپ کے حالات بدل جاتے ہیں اور آپ کو رکنیت کی مدت کے دوران فنڈز کی ضرورت پڑ جائے تو آپ دوسرے سال کے باقاعدہ کنٹریبیوشن کی ادائیگی کے بعد کسی بھی وقت پی آئی اے (شرکت کنندہ سرمایہ کاری اکاؤنٹ) میں موجود کُل نقد رقم کے لئے اپنا پلان بھنوا سکتے ہیں۔ ونڈو تکافل آپریٹر ایک اور وکالتہ الاستثمار فیس وصول کرے گا جو دو مکمل سالوں کے کنٹریبیوشن کی ادائیگی سے قبل دستبرداری کے وقت نقد مالیت کے 50 فیصد کے مساوی ہوگی۔

بہ صورت دیگر، اگر آپ اپنے سرمائے میں سے جس میں اضافہ ہوگیا ہو، ایک مختصر حصہ لینا چاہتے ہوں، تو پلان آپ کو کنٹریبیوشنز کی ادئیگی جاری اور پلان کو نافذ العمل رکھتے ہوئے کسی بھی وقت جزوی دستبرداری کی سہولت فراہم کرتا ہے۔ براہ مہربانی نوٹ کرلیں کہ یہ سہولت ایسی کسی دستبرداریوں کے بعد پلان میں بنیادی نقد رقم، کم از کم 50,000 روپے موجود ہونے سے مشروط ہے۔

### ڈیتھ بینیفٹ :

حمایہ تکافل ہم سفر پلان کے ساتھ بنیادی تکافل پارٹیسپنٹ اور آپ کا/ کی شریکِ حیات دونوں کوریج کا فائدہ حاصل کرسکیں گے۔ بینیفشریز سم کورڈ کو اپنے اخراجات پورا کرنے کے لئے استعمال کرسکتے ہیں۔

1۔ پہلی وفات پر قابلِ ادا بینیفٹ تکافل کا سم کورڈ ہوگا۔

2۔ پہلی وفات کے بعد، موجودہ پارٹیسپنٹ کو یہ اختیار ہوگا کہ وہ یا تو ریگولر کنٹری بیوشن کی ادائیگی جاری رکھے یا ریگولر کنٹری بیوشن کی ادائیگی روک دے۔

i: اگر موجودہ پارٹیسپنٹ ریگولر کنٹری بیوشن کی ادائیگی جاری رکھنے کا انتخاب کرتا ہے تو وفات پر قابلِ ادا بینیفٹ سم کورڈ اور کُل کیش ویلیو ہوگی۔

ii: اگر موجودہ پارٹیسپنٹ ریگولر کنٹری بیوشن کی ادائیگی کو روکنے کا انتخاب کرتا ہے تو پالیسی 10 سال تک جاری رہے گی (70 سال کی عمر کی حد تک)۔ وفات پر قابلِ ادا بینیفٹ زرِ تحفظ اور کُل کیش ویلیو ہوگی۔

3۔ اگر دونوں پارٹیسپنٹس وفات پا جائیں تو وفات پر قابل ادا بینیفٹ کُل سم کورڈ اور مکمل نقد مالیت ہوگا۔

### اضافی فوائد :

اس کے علاوہ اور بھی بہت سے مختلف اضافی فوائد آپ کو حاصل ہوسکتے ہیں جو آپ کے تحفّظ کے درجے بڑھانے کے لئے بنیادی پلان کے ساتھ منسلک کئے جاسکتے ہیں۔ یہ رائڈرز درج ذیل ہیں:

### ایڈیشنل ٹرم تکافل :

آپ کے پلان میں ایک ضمانتی رقم سم کورڈ/ زرِ تحفظ کی شکل میں موجود ہوتی ہے، جو پلان کے آغاز پر آپ کی عمر پر منحصر ہوتی ہے۔ البتہ زندگی کے چند حالات جیسے کہ آپ کے زیر سرپرست افراد یا چھوٹے بچوں کی تعداد زیادہ ہو اور آپ کو محسوس ہو کہ آپ کی وفات کی صورت میں زرِ تحفظ کی رقم مطلوبہ مقاصد حاصل کرنے کے لئے کم ہوسکتی ہے اور آپ کے زیر سرپرست افراد کو مناسب مالی تحفظ فراہم نہیں کرسکتی تو ایسی صورت میں تکافل پارٹیسپنٹ میں سے کسی بھی ایک کی وفات پر اضافی ٹرم تکافل بینیفٹ قابلِ ادا ہوتا ہے۔

### تکافل ایکسیڈینٹل ڈیتھ بینیفٹ :

یہ اضافی بینیفٹ دونوں تکافل پارٹیسپنٹس میں کسی بھی ایک کی حادثاتی موت کی صورت میں اضافی مجموعی رقم کا فائدہ فراہم کرتا ہے۔

### تکافل فیملی انکم بینیفٹ :

وفات کی صورت میں قابل ادائیگی یک مشت رقم کے علاوہ، آپ کے زیرِ کفالت افراد کو ایک مناسب معیار زندگی برقرار رکھنے کے لئے ایک مستقل ماہانہ آمدنی کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ دونوں میں سے کسی بھی ایک تکافل پارٹیسپنیٹ کی موت کی صورت میں یہ اضافی فائدہ پلان کی بقایا مدّت کے لئے قابل ادائیگی زرِ تحفظ کو ماہانہ آمدنی فراہم کرے گا۔

### دیگر اہم فوائد :

#### اہلیت :

دونوں پارٹیسپنٹ کی کم از کم اور زیادہ سے زیادہ عمر اگلی سالگرہ پر بالترتیب 20 تا 50 سال ہے۔

#### مدت :

یہ پوری زندگی کا پلان ہے۔ یہ پلان آپ کی پوری زندگی میں تحفظ اور سرمایہ کاری کا فائدہ فراہم کرے گا۔ پلان کی یہ خصوصیت اس بات کو یقینی بناتی ہے کہ آپ کسی بھی وقت اپنے حالات اور ضروریات کے تحت اپنی رقم نکلوا سکتے ہیں۔

### کنٹری بیوشن :

بیسک پلان کے لئے کم از کم سالانہ ریگولر کنٹری بیوشن 50,000 روپے ہے۔

### کنٹری بیوشن کی ادائیگی کی مدت (پہلی وفات پر) :

پہلی وفات پر کنٹری بیوشن کی ادائیگی کے لئے موجودہ پارٹیسپنٹ کو درج ذیل انتخاب کی سہولیات فراہم کی جائیں گی:

1۔ اگلے 10 سالوں کی کنٹری بیوشن کی رقم کی ادائیگی سے چھوٹ فراہم کردی جائے گی اور پلان ختم کردیا جائے گا۔ (By default)

2۔ موجودہ پارٹیسپنٹ اس بات کا انتخاب کرسکتا/ سکتی ہے کہ وہ بچت میں اضافے کے لئے کنٹری بیوشن کی ادائیگی کو جاری رکھ سکتا/ سکتی ہے۔

### فنڈ ایکسلیریشن کنٹری بیوشن :

اگر پارٹیسپنٹ کے پاس اضافی فنڈز دستیاب ہیں تو ایسی صورت میں بچت میں اضافے کے لئے یہ پلان ان اضافی فنڈز کی سرمایہ کاری کی سہولت فراہم کرتا ہے۔ ایسی مجموعی کنٹری بیوشنز، فنڈ ایکسلیریشن کنٹری بیوشنز (ایف اے سی) کہا جاتا ہے۔

## یونٹ ایلوکیشن :

منتخب کردہ فنڈ میں یونٹس کی خریداری کیلئے سالانہ بیسک پلان کنٹری بیوشن کی ایلوکیشن درج ذیل ہوگی:

| پالیسی سال | یونٹ ایلوکیشن فیصد | ایلوکیشن کی فیس * |
|---|---|---|
| 1 سال | 40 فیصد | 60 فیصد |
| 2 سال | 70 فیصد | 30 فیصد |
| 3 سال | 85 فیصد | 15 فیصد |
| 4 اور 5 سال | 100 فیصد | 0 فیصد |
| 6 تا 10 سال | 103 فیصد | 0 فیصد |
| 11 اور اس سے زائد سال | 105 فیصد | 0 فیصد |

**فنڈ ایکسلریشن کنٹریبیوشن کا 100 فیصد یونٹس کی خریداری کے لیے مختص ہوگا**

***اوپر درج ٹیبل کے مطابق ہر سال ادا کئے گئے کنٹریبیوشن /زرتکافل میں سے تخصیص کی فیس منہاء کی جائے گی اور بقایا رقم اکاؤنٹ ویلیو کو مختص کی جائے گی**

## سم کورڈ:

سم کورڈ کا تعین سالانہ بیسک پلان کنٹری بیوشن کو پروٹیکشن ملٹیپل سے ضرب دے کر کیا جائے گا۔ پروٹیکشن ملٹیپل ذیل میں بیان کیا گیا ہے:

| عمر کی اہلیت | پروٹیکشن ملٹیپل | |
|---|---|---|
| | کم ازکم | زیادہ سے زیادہ |
| 18 تا 35 سال | 5 | 45 |
| 36 تا 40 سال | 5 | 30 |
| 41 تا 45 سال | 5 | 15 |
| 46 تا 50 سال | 5 | 10 |

## افراطِ زر سے تحفظ :

اس اختیار کے انتخاب کے ذریعے آپ کو تحفّظ اور ذہنی اطمینان رہتا ہے کہ آپ اس کو پلان سے حاصل فوائد کو آپ کی صحت سے قطع نظر، افراطِ زر کے استحکام کے لئے ہر سال ازخود طور پر بڑھادیا جاتا ہے۔

اس اختیار کے انتخاب کے ذریعے ہر سال آپ کے ہر کنٹری بیوشن کو سابقہ سال کے کنٹری بیوشن سے 5 فیصد بڑھا دیا جائے گا۔ اسی طرح، زرِتکافل میں بھی اسی تناسب سے اضافہ ہوجائے گا۔

## اخراجات:

| چارجز | ریٹ/ پاکستان روپے میں |
|---|---|
| انتظامی اخراجات (ایڈمنسٹریشن چارج) | 2160روپے سالانہ |
| بڈ/آفر (بولی/پیشکش) سپریڈ | مختص شدہ بنیادی اور اضافی فنڈ کنٹری بیوشن کا 5 فیصد |
| سرمایہ کاری انتظامات اخراجات (انویسٹمنٹ مینجمنٹ چارج) | فنڈ قدر کا 0.125 فیصد ماہانہ |
| **ایلوکیشن چارج** | اوپر دیے گے **ایلوکیشن ٹیبل** کے مطابق |
| تکافل ڈونیشن (وقف ڈونیشن) | شریک تکافل کی عمر اور سم ایٹ رسک کے حساب سے ایکچوریل کی طرف سے مقرر کردہ رقم جو کہ شریک تکافل فنڈ میں ہر سال جمع کی جائیگی۔ البتہ جب کیش ویلیو سم کورڈ (زرتحفظ) سے بڑھ جائے تو تکافل ڈونیشن کی مد میں کوئی رقم منہا نہیں کی جائے گی۔ |
| اضافی وکالتہ الاستثمار فیس چارج | دوسال کے مکمل کنٹریبیوشن ادا کر دیے جانے سے پہلے دستبرداری کی صورت میں کل نقد قدر کے 50 فیصد کے مساوی اضافی وکالتہ الاستثمار فیس چارج کیا جائے گا۔ |

**وقف فنڈ سے وکالہ فیس: تکافل عطیے کا 50 فیصد**

## انتباہ:

- یہ بروشر حمایہ تکافل ہم سفر پلان کا عمومی جائزہ پیش کرتا ہے۔
- اس پروڈکٹ کی ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز نے انڈر رائٹنگ کی ہے، چنانچہ ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز انڈر رائٹنگ کے تمام خطرات کا ذمہ دار ہے۔
- تکافل پالیسیز سے متعلق تمام دعووں، چارجز اور ادائیگیوں کی ترتیبات کی ذمہ داری صرف اور صرف ای ایف یو لائف WTO پر لاگو ہوگی۔
- ضروری نہیں کہ فنڈ کی ماضی کی کارکردگی مستقبل میں کارکردگی کی ضمانت ہو۔اس حوالے سے کوئی بھی پیشنگوئی ضروری نہیں کہ مستقبل میں فنڈز کی کارکردگی ظاہر کرے، ای ایف یو لائف WTO ایسی کسی بھی ذمہ داری سے بری الذمہ ہے۔
- منتخب فنڈ میں سرمایہ کاری کا خطرہ شریکِ تکافل کو برداشت کرنا ہوگا۔
- یہ معاہدہ کس طور کام کرتا ہے، اس کی وضاحت پارٹیسپنٹ کے ممبرشپ دستاویزات میں کی گئی ہے۔
- براہ مہربانی فوائد کی ایک تشریح کے لئے ہمارے ہیڈ آفس یا تکافل کنسلٹنٹ سے رابطہ کیجئے۔

efu LIFE

HEMAYAH
EFU FAMILY TAKAFUL

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# ای ایف یو حمایہ تکافل ہم سفر پلان کی شرعی حیثیت

ای ایف یو لائف ایشورنس لمیٹڈ۔ ونڈو تکافل آپریشنز کے شرعی مشیر ہونے کی حیثیت سے میں اس بات کی تصدیق کرتا ہوں کہ حمایہ تکافل ہم سفر پلان وقف اور وکالت کے اصول پر مبنی ہے۔

نیز میں نے مذکورہ اسکیم کے دستاویزی کاغذات، عملی تطبیق اور متعلقہ دیگر امور بشمول سرمایہ کاری کا بغور جائزہ لیا ہے اور بحمد اللہ میں نے ان تمام امور کو شریعت کے مطابق پایا ہے، لہذا میری رائے میں ای ایف یو لائف ایشورنس لمیٹڈ۔ ونڈو تکافل آپریشنز کی جانب سے پیش کردہ حمایہ تکافل ہم سفر پلان کی رکنیت حاصل کرنا اور اس سے فوائد حاصل کرنا شرعاً جائز ہے۔ واللہ سبحانہ وتعالی اعلم

محمد ابراہیم

مفتی محمد ابراہیم عیسیٰ
شرعی مشیر۔ ای ایف یو لائف ونڈو تکافل آپریشنز

مُفتی
محمد ابراھیم عیسیٰ
شریعہ ایڈوائزر
حمایہ
ای ایف یو لائف۔ ونڈو تکافل آپریشنز

## ای ایف یو لائف اشورنس لمیٹڈ۔

ای ایف یو لائف ہاؤس، پلاٹ نمبر۔112، 8th ایسٹ اسٹریٹ، فیز1، DHA، کراچی، پاکستان
فیکس: 34537519 (021) ای میل: csd@efuhemayahtakaful.com